امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور مصطفی کمال سے ملاقات

ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر این ڈبلیو پیٹرسن نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

انٹرنیشنل کمیونٹی لندن میں قائد تحریک الطاف حسین کے تحفظ، سیکورٹی اور ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرے، رابطہ کمیٹی

امریکی عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال قید کی سزا پر اظہار تشویش

کراچی ۔۔۔27، ستمبر 2010ء

پاکستان میں امریکہ کی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے پیر کی صبح متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے اراکین محترمہ نسرین جلیل اور مصطفیٰ کمال نے ملاقات کی اور لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ملاقات تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی نے امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کو لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کی گرفتاری اور اس ضمن میں دنیا بھر کی حکومتوں اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کو اپنے اثر ورسوخ اور ذرائع استعمال کر کے سازش کو بے نقاب کرنے پر زور دیا۔ رابطہ کمیٹی نے لندن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زندگی کو لاحق خطرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کی زندگی کے تحفظ وسیکورٹی انٹرنیشنل کمیونٹی سے اپنا مثبت کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ رابطہ کمیٹی نے امریکی عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال قید کی سزا پر اپنی اور ملک بھر کے عوام کی جانب سے گہری تشویش کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆☆